HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

askari bank LIMITED



# ای ایف یو صحتِ کامل

## تعارف

عسکری بینک پاکستان میں اپنے اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے برانچ بینکنگ پلیٹ فارم کے ذریعے ہیلتھ تکافل پروڈکٹ فراہم کر رہا ہے، تاکہ معیاری طبی سہولیات تک رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

ای ایف یو لائف فخریہ طور پر ایک جامع ان پیشنٹ ہیلتھ انشورنس پروڈکٹ پیش کر رہا ہے جو کسٹمرز کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔ یہ پروڈکٹ ہسپتال میں داخلے کے اخراجات، ڈے کیئر سرجریز اور ہسپتال میں داخلے سے پہلے اور بعد کے مخصوص فوائد کی کوریج فراہم کرتا ہے۔

یہ پروڈکٹ اپنی منفرد خصوصیات کی بدولت مخصوص حامل ہے، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- خدانخواستہ ایسا مرض یا حادثہ جس کیلئے ہسپتال میں داخلہ ضروری ہو، کی صورت میں مالی تحفظ
- سادہ، فائدہ منداور قابلِ استطاعت ہیلتھ انشورنس
- غیر متوقع طبی ایمرجنسی کی صورت میں ذہنی اطمینان
- پاکستان بھر میں 400 سے زائد معیاری نیٹ ورک ہسپتالوں میں کیش لیس (بغیر نقد رقم کی ضرورت) علاج کی سہولت

## ای ایف یو کا تعارف

ای ایف یو لائف پاکستان کے نجی شعبے میں لائف اور ہیلتھ انشورنس اور فیملی تکافل فراہم کرنے والی ایک معروف کمپنی ہے۔ 1992 میں پاکستان کی پہلی پرائیویٹ لائف انشورنس کمپنی کے طور پر آغاز کرنے کے بعد، گزشتہ 32 سالوں میں ای ایف یو لائف نے ہر نوعیت کی مالی منصوبہ بندی اور تحفظ کے شعبے میں ایک قابلِ اعتماد برانڈ کے طور پر اپنی مستحکم ساکھ قائم کی ہے۔

کمپنی اپنے کاروبار کی مارکیٹنگ چار بنیادی ڈسٹری بیوشن چینلز کے ذریعے کرتی ہے، جن میں سیلز فورس، بینک اشورنس، گروپ لائف اور گروپ ہیلتھ چینلز شامل ہیں۔ مزید برآں، ای ایف یو لائف - ونڈو تکافل آپریشنز مختلف ریٹیل، ڈیجیٹل اور جامع انشورنس پروڈکٹس کی وسیع رینج فراہم کرتا ہے، جو مختلف آمدنی والے افراد اور معاشرے کے تمام طبقات کی ضروریات کو پورا کرتی ہیں۔ کمپنی نے کسٹمر کی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مضبوط حکمتِ عملی کو برقرار رکھا ہے، اور مخصوص ضروریات کے مطابق تیار کردہ پروڈکٹس اور مالی تحفظ کے عزم کے ساتھ کمپنی کی مسلسل ترقی کو یقینی بنایا ہے۔

## کوریج کا دائرہ کار کیا ہوگا؟

اس پروڈکٹ کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ انشورڈ فیملی ممبر کو غیر متوقع بیماری یا حادثاتی چوٹ کے باعث ہسپتال میں داخلے کی صورت میں معیاری ہیلتھ تکافل تحفظ فراہم کیا جائے۔

### پروڈکٹ کی خصوصیات:

- ہسپتال میں قیام کے دوران علاج کی کوریج
- پاکستان بھر میں 400 سے زائد ای ایف یو لائف نیٹ ورک ہسپتالوں میں کیش لیس علاج
- ڈے کیئر پروسیجرز کی کوریج
- حادثاتی ایمرجنسی کوریج
- پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج
- پورے خاندان کے لیے کوریج — خود، شریکِ حیات، بچے اور والدین
- میٹرنٹی اخراجات (اختیاری)
- ای ایف یو کی mHealth سروسز تک رسائی (اختیاری)
- آسانی سے اندراج کی سہولت
- قابلِ استطاعت ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین ہیلتھ تحفظ

### اہلیت کے معیار

بالغ افراد کی عمر: 18 سے 64 سال (خود، فیملی اور والدین)

- انرولمنٹ کے بعد کوریج کو 80 سال کی عمر تک جاری رکھا جا سکتا ہے

بچے: نوزائیدہ بچے کو پیدائش کے وقت پلان میں شامل کیا جا سکتا ہے جبکہ کوریج 3 ماہ بعد شروع ہوگی۔

بیٹی کے لیے: 2 ماہ کی عمر سے شادی تک

میٹرنٹی کی اہلیت: 18 سے 45 سال کی عمر

کوریج کیلئے اہل رشتے: یہ پلان بنیادی طور پر خود (Self) کے لیے پیش کیا جاتا ہے، تاہم کوریج میں توسیع بھی کی جا سکتی ہے جن میں فیملی ممبرز بشمول شریکِ حیات، بچوں اور والدین بھی شامل ہو سکتے ہیں۔

### کمرے کی سہولت اور سالانہ حدود

آپ جنرل، سیمی پرائیویٹ یا پرائیویٹ روم کیٹیگریز میں سے انتخاب کر سکتے ہیں۔ ہر کیٹیگری کے ساتھ سالانہ کوریج کی حد بالترتیب 100,000 روپے، 250,000 روپے، 500,000 روپے اور 750,000 روپے یا 1,000,000 مقرر ہے، جس کے تحت آپ اپنی طبی ضروریات اور مالی استطاعت کے مطابق موزوں پلان منتخب کر سکتے ہیں۔

### ہسپتال میں قیام کے دوران کیا مالی تحفظ فراہم کی جائے گا؟

حادثے یا بیماری کی صورت میں ہسپتال میں قیام کے دوران اس ممبرشپ پر اخراجات کی ادائیگی کی جاتی ہے۔ دورانِ قیام اخراجات میں درج ذیل شامل ہیں:

- استحقاق کے مطابق کمرے کے اخراجات
- جنرل نرسنگ سروسز
- آئی سی یو/سی سی یو چارجز
- فزیشن، ماہر ڈاکٹر اور سرجن کی فیس
- ادویات اور لیبارٹری ٹیسٹس
- آپریشن تھیٹر اور اینستھیٹسٹ (بے ہوشی کے ڈاکٹر) کے اخراجات
- آکسیجن اور خون کی فراہمی

## پلان کوریج کی تفصیلات

### ای ایف یوصحتِ کامل

یہ پلان 5 مختلف ویریئنٹس میں دستیاب ہے، تاکہ آپ اپنی ضرورت اور ترجیحات کے مطابق موزوں پلان منتخب کرسکیں۔ یہ پلان ہر فیملی ممبر کو انفرادی طور پر کوریج کی حد فراہم کرتا ہے۔

| خصوصیات | برونز | سلور | گولڈ | پلاٹینم | ٹائٹینیم |
|---|---|---|---|---|---|
| ہسپتال میں دورانِ قیام علاج کی حد | 100,000روپے | 250,000روپے | 500,000روپے | 750,000روپے | 1,000,000روپے |
| کمرے کی قسم | جنرل وارڈ | سیمی پرائیویٹ | پرائیویٹ | پرائیویٹ | پرائیویٹ |
| ڈے کیئر پروسیجرز | شامل | | | | |
| خصوصی تشخیصی ٹیسٹس | ایم آر آئی، سی ٹی اسکین، تھیلیم اسکین، پی ای ٹی اسکین اور ایکو | | | | |
| حادثے کی صورت میں ہسپتال میں داخلے پر حد میں اضافہ | 25,000روپے | 50,000روپے | 100,000روپے | 150,000روپے | 200,000روپے |
| ایمرجنسی ایویکیوشن | 0روپے | 25,000روپے | 35,000روپے | 50,000روپے | 65,000روپے |
| ہسپتال میں داخلے سے پہلے اور بعد کے اخراجات | 30دن | | | | |
| ایمرجنسی بین الاقوامی کوریج | شامل (بنیادی سالانہ حد کی دستیابی سے مشروط) | | | | |
| مقامی ایمرجنسی ایمبولینس | 1,500روپے | 2,500روپے | 3,500روپے | 5,500روپے | 7,500روپے |
| ناقابلِ قبول بیماریاں | کینسر، HIV/AIDS | | | | |
| استثنٰی | ذیل میں بیان کردہ اسٹینڈرڈ استثنٰی لاگو ہوں گے | | | | |
| آن لائن ڈاکٹر کنسلٹیشن/آن لائن او پی ڈی | mHealth (اختیاری) | | | | |

| پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج | شامل |
|---|---|
| پہلے سال | 25% |
| دوسرے سال | 50% |
| 3 سال اور اس کے بعد | 100% |
| دیگر فوائد | ڈیجیٹل اور فزیکل ہیلتھ کارڈ دستیاب ہوں گے |
| | ڈسکاؤنٹ سینٹرز (لیبارٹریز اور فارمیسیز کی سہولت) |
| | دو سال تک مسلسل تجدید (Renewals) کے بعد، ہسپتال میں داخلے کی کوریج حد میں اضافی 10% فراہم کیا جائے گا۔ (بشرطیکہ کوئی کلیم نہ کیا گیا ہو) |

## میٹرنٹی فوائد (اختیاری)

| کوریج | برونز | سلور | گولڈ | پلاٹینم | ٹائٹینیم |
|---|---|---|---|---|---|
| نارمل ڈلیوری | 50,000 | 125,000 | 250,000 | 375,000 | 500,000 |
| پیچیدہ/معاونت شدہ ڈلیوری یا سی سیکشن | 100,000 | 175,000 | 325,000 | 500,000 | 650,000 |
| پریمیم ریٹس | 27,300 | 41,600 | 51,800 | 60,500 | 66,100 |

# mHealth (اختیاری)

| کوریج | برونز | سلور | گولڈ | پلاٹینم | ٹائٹینیم |
|---|---|---|---|---|---|
| آن لائن ڈاکٹر کنسلٹیشن/ آن لائن او پی ڈی (اختیاری) | 240 | 240 | 240 | 240 | 240 |

پلان کا کنٹری بیوشن درج ذیل ہے:

یہ شرحیں مین پارٹیسپنٹ ممبر اور اس کے اہلِ زیرِ کفالت افراد کی عمر کے مطابق منتخب کردہ پلان پر لاگو ہوں گی:

| عمر اگلی سالگرہ کے مطابق | برونز | سلور | گولڈ | پلاٹینم | ٹائٹینیم |
|---|---|---|---|---|---|
| سالانہ حدود | 100,000 | 250,000 | 500,000 | 750,000 | 1,000,000 |
| 3ماہ – 18سال | 10,300 | 19,100 | 33,900 | 35,500 | 37,300 |
| 19 – 29سال | 9,100 | 14,200 | 28,200 | 29,400 | 30,900 |
| 30 – 39سال | 10,900 | 17,900 | 30,000 | 31,500 | 33,000 |
| 40 – 49سال | 12,100 | 20,900 | 35,500 | 37,300 | 39,100 |
| 50 – 54سال | 13,600 | 22,100 | 37,900 | 39,700 | 41,500 |
| 55 – 59سال | 16,100 | 29,100 | 43,600 | 45,500 | 47,900 |
| 60 – 64سال | 18,800 | 33,600 | 57,300 | 59,700 | 62,700 |
| 65 – 69سال | 20,600 | 37,000 | 63,000 | 65,800 | 69,100 |
| 70 – 80سال | 22,700 | 40,600 | 69,400 | 72,400 | 76,100 |

تمام رقوم پاکستانی روپے (PKR) میں ہیں۔

## حادثاتی طور پر ہسپتال میں داخلے پر اضافی حد

اگر حادثے کے باعث ہسپتال میں داخلے کے نتیجے میں آپ کی سالانہ کوریج حد مکمل طور پر استعمال ہو جائے تو علاج کے تسلسل کے لیے آپ کے منتخب کردہ پلان کے مطابق اضافی حد فراہم کی جائے گی۔ یہ سہولت صرف اُن حادثات پر لاگو ہوگی جو "حادثاتی کی صورت میں ہسپتال میں داخلہ" کے زمرے میں شامل ہوں۔

## ڈے کیئر پروسیجرز:

دورانِ قیام ہسپتال میں علاج کے علاوہ، یہ پلان ڈے کیئر پروسیجرز کی بھی کوریج فراہم کرتا ہے۔ اس سے مراد وہ طبی یا جراحی (جن میں سرجری کی ضرورت ہو) علاج ہیں اور مریض کو اُسی دن ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا جاتا ہے۔ ان پروسیجرز میں انجیوگرافی، اینڈوسکوپی، موتیا کی سرجری، ڈائیلاسس شامل ہیں۔

## خصوصی تشخیصی ٹیسٹس

یہ پلان ہسپتال میں داخلے کے بغیر بھی مہنگے آؤٹ پیشنٹ تشخیصی ٹیسٹس اور خصوصی تشخیص کی کوریج فراہم کرتا ہے، جو آپ مالی بوجھ کی فکر کے بغیر ذہنی سکون کے ساتھ یہ تشخیص مکمل کرواتے ہیں۔

جیسا کہ:

- ایم آر آئی
- سی ٹی اسکین
- تھیلیئم اسکین
- ایکو (ECHO)
- پی ای ٹی (PET) اسکین

### ہسپتال میں داخلے سے قبل اور بعد کے فوائد

ہسپتال میں داخلے سے متعلق آؤٹ پیشنٹ اخراجات، جن میں ادویات، ڈاکٹر کی فیس اور تشخیصی ٹیسٹس شامل ہیں، اس صورت میں کور کیے جائیں گے جب یہ اخراجات کسی ایسے داخلِ ہسپتال علاج کے نتیجے میں ہوں جو کوریج میں شامل ہو، اور یہ اخراجات ہسپتال میں داخلے سے 30 دن کے اندر کیے گئے ہوں۔

### متفرق اخراجات کی کوریج

مندرجہ بالا فوائد کے علاوہ، پلان درج ذیل اضافی سہولیات بھی فراہم کرتا ہے:

- مقامی ایمبولینس کوریج
- ایمرجنسی انخلاء کوریج
- حادثاتی ایمرجنسی آؤٹ پیشنٹ علاج (حادثے کے 48 گھنٹوں کے اندر)
- حادثاتی ایمرجنسی میں دانتوں کا علاج (درد میں کمی کے لیے، 48 گھنٹوں کے اندر)

### ایمرجنسی بین الاقوامی کوریج

اس ممبرشپ کی نمایاں خصوصیات میں سے ایک ایمرجنسی بین الاقوامی کوریج ہے، جو ری امبرسمنٹ (رقم واپسی) کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہے۔ اس کے تحت اخراجات کی ادائیگی اس بنیاد پر کی جائے گی کہ اگر یہی علاج پاکستان کے کسی نیٹ ورک ہسپتال میں کروایا جاتا تو کیا اخراجات ہوتے۔

### mHealth (ٹیلی ہیلتھ)

mHealth (ٹیلی ہیلتھ) سہولت کے ذریعے کسٹمرز بغیر کسی دشواری کے آن لائن ڈاکٹرز سے مشاورت حاصل کر سکتے ہیں، جس سے گھر بیٹھے آسان اور فوری طبی رہنمائی ممکن ہوتی ہے۔

### کیا پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج شامل ہے؟

اس پلان کے تحت پہلے سے موجود طبی بیماریوں کی کوریج درج ذیل مراحل میں فراہم کی جاتی ہے:

- پہلا سال: سالانہ حد کا 25%
- دوسرا سال: سالانہ حد کا 50%
- تیسرے سال کے بعد: سالانہ حد کا 100%

براہِ کرم نوٹ فرما لیں کہ پہلے سے موجود بیماریوں (جیسے وہ بیماریاں یا چوٹیں جو پالیسی کے آغاز سے قبل معلوم ہوں) کی تفصیلات انرولمنٹ کے وقت فراہم کرنا ضروری ہیں۔

- **لیب ڈسکاؤنٹس**

آپ منتخب لیبارٹریز پر مختلف ٹیسٹس اور پروسیجرز کے اخراجات میں 30% تک خصوصی رعایت حاصل کر سکتے ہیں۔

## فیملی کا اندراج

یہ ممبر شپ آپ کو 3 ماہ سے 18 سال تک کے بچوں اور 18 سے 64 سال تک کے بالغ افراد کو شامل کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ ایک بار اندراج کے بعد، کوریج کو 80 سال کی عمر تک جاری رکھا جا سکتا ہے۔ عمر کا تعین ممبر کی اگلی سالگرہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ ہر ممبر کے لیے علیحدہ کنٹری بیوشن وصول کیا جائے گا اور ہر ایک کو مین پارٹیسپنٹ ممبر کے برابر فوائد کے ساتھ علیحدہ سالانہ کوریج حد حاصل ہوگی۔

## کیا میں نیٹ ورک ہسپتال کے علاوہ دیگر ہسپتال میں علاج کروا سکتا/سکتی ہوں؟

جی ہاں، نیٹ ورک ہسپتال کے علاوہ دیگر ہسپتال میں علاج ممکن ہے، تاہم اس صورت میں ابتدائی اخراجات آپ کو خود برداشت کرنا ہوں گے۔

بعد ازاں، ای ایف یو لائف ان اخراجات کی امبرسمنٹ (رقم واپسی) فراہم کرے گا، بشرطیکہ جمع کروائے گئے بلز اسی نوعیت کے علاج کے لیے نیٹ ورک ہسپتال کے مروجہ اور معقول اخراجات کے مطابق ہوں۔ مکمل کلیم اور متعلقہ دستاویزات جمع کروانے کے بعد امبرسمنٹ 15 ورکنگ دنوں کے اندر کی جاتی ہے۔ تاہم، معیاری علاج اور سہولت کے لیے نیٹ ورک ہسپتالوں میں علاج کی تجویز دی جاتی ہے تاکہ بہتر سروس حاصل ہو اور اضافی اخراجات سے بچا جا سکے۔

## انتظار کی عمومی مدت

جنرل ویٹنگ پیریڈ اس ممبر شپ کی مؤثر تاریخ سے 15 دن پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس دوران کسی بھی نئی تشخیص شدہ بیماری کے اخراجات کی کوریج فراہم نہیں کی جائے گی۔

## ناقابلِ قبول امراض

ہم معذرت کے ساتھ آگاہ کرتے ہیں کہ یہ ممبر شپ اُن افراد کے لیے دستیاب نہیں ہے جو پہلے سے موجود بیماریوں جیسے کینسر یا HIV/AIDS میں مبتلا ہوں۔

## استثنیٰ

درج ذیل علاج، واقعات، حالات، سرگرمیاں اور ان سے متعلق یا نتیجتاً ہونے والے اخراجات پالیسی کے تحت شامل نہیں ہوں گے، بشرطیکہ کمپنی کی جانب سے تحریری طور پر منظوری دی گئی ہو:

۱۔ جنرل او پی ڈی

۲۔ کوئی بھی ایسا علاج یا آپریشن جو طبی طور پر غیر ضروری ہو، بشمول پلاسٹک سرجری، اسپا علاج، تولیدی صلاحیت یا بانجھ پن (Infertility) سے متعلق ٹیسٹس یا علاج، مانع حمل طریقے یا اسٹرلائزیشن، اور ایسے مصنوعی اعضا یا طبی آلات جو جراحی طور پر ضروری نہ ہوں۔

۳۔ پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج فوائد کی جدول میں بیان کردہ حدود تک محدود ہوگی۔

۴۔ پیدائشی نقائص یا پیدائشی بیماریاں مستقل طور پر مستثنیٰ ہوں گی اور انہیں پہلے سے موجود بیماریوں کے تحت بھی شامل نہیں کیا جائے گا۔

۵۔ خود کو نقصان پہنچانا، خودکشی کی کوشش، شراب یا منشیات کا استعمال یا ان کی لت، اور جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں کا علاج۔

۶۔ نفسیاتی، ذہنی یا اعصابی عوارض (بشمول نیوروسز اور ان کے جسمانی یا نفسیاتی اثرات) یا جنس کی تبدیلی (خواہ نفسیاتی وجوہات کی بنیاد پر ہو یا نہ ہو)۔

۷۔ کوئی بھی تجرباتی یا غیر ثابت شدہ علاج۔

۸۔ مسلح افواج یا نیم فوجی دستوں میں خدمات انجام دیتے ہوئے یا پولیس ڈیوٹی کے دوران کسی بھی مشق یا آپریشن میں شرکت کے نتیجے میں ہونے والے حادثات کی صورت میں۔

۹۔ قدرتی آفات یا وباؤں کے باعث ہونے والی چوٹ یا بیماری، جن میں سیلاب، زلزلہ، برفانی تودہ اور سمندری طوفان وغیرہ شامل ہیں مگر انہی تک محدود نہیں۔

۱۰۔ پہلے سے موجود میٹرنٹی صورتِ حال کی کوریج میٹرنٹی بینیفٹس کے تحت 9 ماہ کی ویٹنگ پیریڈ کے بعد فراہم کی جائے گی۔

۱۱۔ مانع حمل یا بانجھ پن اور اس سے متعلقہ علاج۔

۱۲۔ کسی بھی قسم کی کاسمیٹک سرجری۔

۱۳۔ پہلے سے طے شدہ/ جاری علاج معالجہ کور نہیں کیا جاتا۔

## فری لک پیریڈ کے تحت ممبر شپ کی منسوخی کا طریقہ کار

فری لک پیریڈ ممبر شپ دستاویزات موصول ہونے کے بعد 14 دن کا وہ وقت ہوتا ہے جس کے دوران آپ پلان کی شرائط وضوابط کو سمجھ سکتے ہیں اور تکافل کوریج کو جاری رکھنے کیلئے اپنی اہلیت کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ اگر آپ اس مدت کے اندر ممبر شپ منسوخ کرنا چاہیں تو آپ درخواست دے سکتے ہیں، جس پر آپ کی مکمل کنٹری بیوشن رقم واپس کر دی جائے گی، بشرطیکہ اس دوران کوئی کلیم نہ کیا گیا ہو۔

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs)

1۔ کن افراد کو کوریج فراہم کی جا سکتی ہے؟

فرد، شریکِ حیات اور بچے (اہلیت کے مطابق)۔

2۔ میٹرنٹی کے فوائد کیا ہیں؟

یہ ایک اختیاری کوریج ہے جس میں نارمل اور سی سیکشن ڈلیوری شامل ہیں۔ اس پر 9 ماہ کی ویٹنگ پیریڈ لاگو ہوگی۔

3۔ کیا ویٹنگ پیریڈ ہے؟

جی ہاں، 15 دن کا جنرل ویٹنگ پیریڈ ہوگا، جس دوران صرف حادثاتی علاج کی کوریج دستیاب ہوگی۔

4۔ کیا فری لک پیریڈ موجود ہے؟

جی ہاں، پلان کے آغاز سے 14 دن کے اندر جائزہ لے کر اسے منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

5۔ کیا علاج کے اخراجات ادا کرنے ہوں گے؟

نہیں، 390 سے زائد نیٹ ورک ہسپتالوں میں کیش لیس سہولت دستیاب ہے اور ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز براہِ راست ادائیگی کرتی ہے۔

6۔ کیا پہلے سے موجود بیماریاں کور ہوتی ہیں؟

• پہلا سال: 25%

• دوسرا سال: 50%

• تیسرے سال سے آگے: 100%

7۔ کیا میڈیکل چیک اپ ضروری ہے؟

نہیں، اس پلان کے لیے میڈیکل چیک اپ درکار نہیں، یہ ایک آسان انرولمنٹ پراسیس ہے۔

8۔ کلیم کیسے جمع کروایا جائے؟

• کیش لیس: نیٹ ورک ہسپتال میں ہیلتھ کارڈ پیش کریں

• امبرسمنٹ: میڈیکل بلز اور دستاویزات ای ایف یو لائف کو جمع کروائیں

**دستبرداری**

• یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف—ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت انڈر رائٹ کیا گیا ہے۔ یہ عسکری بینک لمیٹڈ یا اس کے ملحقہ اداروں کی ضمانت نہیں ہے اور نہ ہی یہ عسکری بینک کی پروڈکٹ ہے۔ لہٰذا تمام انڈر رائٹنگ رسک کی ذمہ داری ای ایف یو لائف—ونڈو تکافل آپریشنز پر عائد ہوتی ہے۔

• عسکری بینک لمیٹڈ اس پروڈکٹ کے لیے اپنے کسٹمرز کو سہولت فراہم کرنے والا پروموٹر اور کارپوریٹ تکافل ایجنٹ ہے۔

• تکافل پالیسی سے متعلق تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیوں کی مکمل ذمہ داری ای ایف یو لائف—ونڈو تکافل آپریشنز پر ہوگی۔

• معاہدے کی مکمل تفصیل پارٹیسپنٹ کے ممبرشپ دستاویزات میں فراہم کی گئی ہے۔ یہ بروشر صرف عمومی معلومات فراہم کرتا ہے۔

• سروس چارجز اور ٹیکسز بینک کے شیڈول آف چارجز اور متعلقہ قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے۔

• اگر آپ کو ای ایف یو صحتِ کامل کے حوالے سے کوئی سوال ہو تو درج ذیل پر ای ایف یو لائف سے رابطہ کریں:

کال سینٹر: (021) 111-HELP-00 & (021) 111-4357-00

ای میل: customerrelations@efulife.com

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# شرعیہ کمپلائینس سرٹیفکیٹ

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز

ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے ای ایف یو صحت کامل پلان کا جائزہ لیا ہے، جو کہ عسکری بنک کے توصل سے تقسیم کیا جارہا ہے۔ یہ تکافل پلان وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔

نیز میں نے اس مذکورہ اسکیم کے دستاویزی کاغذات اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری وغیرہ کا بغور مطالعہ کیا ہے اور بحمد اللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے۔ لہذا میری رائے میں ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی مذکورہ اسکیم کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعا جائز ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

تاریخ: ۱۰ فروری، ۲۰۲۶
مفتی محمد ابراہیم عیسی
شرعی مشیر

مفتی
محمد ابراہیم عیسی
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

**ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ**

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th، اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔
فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efuhemayahtakaful.com

رجسٹرڈ آفس: الملیک سینٹر W-70، ایف-7 / جی-7 جناح ایونیو،
(بلو ایریا) اسلام آباد، فون: 051-2820989